ہم سے

ابوالبشیر حکیم غلام احمد سلیم قریشی پنڈدادنخانوی حال ننگر جھولپور

لرزتا تھا کبھی اوجِ شکوہِ آسماں ہم سے
مجلّی تھی کبھی ارضِ بسیط کہکشاں ہم سے
عناصر پر تسلط تھا فضائیں تھرتھراتی تھیں
قرابت چاہتی تھی سرزمینِ آسماں ہم سے
مسلماں کا تصور رحمتِ عالم تھا دنیا میں
زمانہ بھر کے وابستہ تھے سب سود و زیاں ہم سے
ہمارا ہر عمل ضرب المثل تاریخِ عالم میں
ہوئے ہیں بہرہ ور سارے جہاں کے نکتہ داں ہم سے
تعجب کر رہے ہیں آج ہم مغرب کی سائنس پر
مگر یورپ نے سیکھے ہیں یہ اسرارِ نہاں ہم سے
متاعِ علم و فن، اخلاق ضرب و حربِ شہبازی
خدا کی دین تھی جو لے گیا سارا جہاں ہم سے
لٹایا ہم نے سب کچھ اسطرح خود ہو گئے خالی
رہا ڈھانچہ فقط چھینے گئے روح و رواں ہم سے
ملا تھا ہم کو جتنا اسکا کچھ حصّہ بھی گر ہوتا
نہ یوں دوچار ہوتیں آئے دن بربادیاں ہم سے
ہوئے آزاد صرف اتنے کہ ہاتھوں سے کڑی نکلی
مگر پابند ہیں جب تک نہ چھوٹیں بیڑیاں ہم سے
میں حیراں ہو رہا ہوں اب کے مسلم کی سیاست پر
مربی ہیں وہی، کرتے ہیں جو عیاریاں ہم سے
جو ٹوٹے ٹانگ مرغی کی تو یورپ اسکو لے جاؤ
کہ ایسا مرحلہ ہرگز نہ طے ہوگا یہاں ہم سے

اے مہبطِ کلامِ خدا سرِّ کائنات

مولانا لطافت الرحمان سواتی سابق استاذ دارالعلوم حقانیہ
جامع اسلامیہ بہاولپور

اے سیدے رؤف و رحیم و کریم ذات
اے مہبطِ کلامِ خدا سرِّ کائنات
اے منبعِ جمال و کمال و حیاء و جود
سرچشمۂ امانت و پاکیزہ صفات
پیغمبرِ جلیل و حبیبِ خدائے ما
تابندہ آفتابِ ہدایت بہ کلِ جہات
زیرِ زمین ز عرشِ بریں تا بہ فرشِ خاک
ہر ذرہ از وجودِ شما یافتہ حیات
اے آنکہ بر تو قصرِ نبوت تمام گشت
قصرے کہ دیدہ است ز مولائے ذوالصفات
بشکست آنکہ بود ز عزیٰ، یعوق و نسر
در خانۂ خدا و یغوث و وُدّ منات
سیلے کہ پیش او جبلِ کفر چوں ہباء
ناکام و بے حقیقت و بیہودہ بے ثبات
روح الامین بہ بابِ جنابش چو خادماں
مے رفت و آمد و بہ ہزاراں تلطفات
تو بہرِ بندگانِ خدا رحم آمدے
ما مے فرستیم بہ تو بے حدّ و عد صلوٰۃ
اے افضل الرسل بہ تو باد از ما سلام
ما امتِ تو ایم گرفتارِ سیئات
شرمندہ ایم پیشِ عنایات و فضلِ تو
کردایم با خطا و سیہ کار و بدسمات
بابندۂ فقیر لطافت علی الخصوص
بے مایہ ام ز ذُد عمل ملکِ ما سوات